## سوال

(416) نماز میں کثرت حرکات

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

میری مشکل یہ ہے کہ میں نماز میں حرکت بہت کرتا ہوا اور میں نے ایک حدیث سنی ہے جس کے معنی یہ ہیں کہ جو شخص نماز میں تین بار حرکت کرے اس کی نماز باطل ہو جاتی ہے کیا یہ حدیث صحیح ہے ؟ نماز میں میں فضول حرکتوں سے نجات کی کیا سبیل ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سنت یہ ہے کہ مومن نماز کو پوری توجہ انہماک اور قلب وبدن کے خشوع وخضوع کے ساتھ ادا کرے خواہ نماز فرض ہو یا نفل کیونکہ ارشاد باری تعالیٰ ہے :

قَدْ أَفْلَحَ الْمُؤْمِنُونَ ١ الَّذِينَ هُمْ فِي صَلَاتِهِمْ خَاشِعُونَ ٢ ... سورة المومنون

بے شک ایمان والوں کا میاب ہوگئے جو نماز میں عجز نیاز کرتے ہیں ۔"

نماز بہت اطمینان اور سکون سے ادا کرنی چاہیۓ کیونکہ یہ نماز بہت اہم ارکان وفرائض میں سے ہے چنانچہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص سے فرمایا تھا جس نے نماز کو خراب طریقے سے پڑھا اور اطمینان وسکون سے نہیں پڑھا تھا کہ :

«ارجع فصل فانک لم تصل» (صحیح بخاری)

واپس لوٹ جاؤ نماز پڑھو کیونکہ تم نے نماز نہیں پڑھی ۔ چنانچہ تین بار ایسے ہوا تو اس آدمی نے عرض کیا ۔

«فرجع فصلی، ثم جاء فسلم. فقال " وعلیک السلام فارجع فصل، فإنک لم تصل ". فقال فی الثانیة أو فی التی بعدها علمنی یا رسول الله. فقال " إذا قمت إلی الصلاة فأسبغ الوضوء، ثم استقبل القبلة فکبر، ثم اقرأ بما تیسر معک من القرآن، ثم ارکع حتی تطمئن راکعا، ثم ارفع حتی تستوي قائما، ثم اسجد حتی تطمئن ساجدا، ثم ارفع حتی تطمئن جالسا، ثم اسجد حتی تطمئن ساجدا، ثم ارفع حتی تطمئن جالسا، ثم افعل ذلک فی صلاتک کلها "» (صحیح بخاری)

یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم !اس ذات کی قسم !جس نے آپ کو حق کے ساتھ معبوث فرمایا ہے میں اس سے اچھے طریقے سے نماز نہیں پڑھ سکتا لہذا مجھے سکھا دیجیے "تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم نماز پڑھنے کا ارادہ کرو خوب اچھے طریقے سے وضوء کرو پھر قبلہ رخ ہو کر اللہ اکبر کہو اور جو آسانی سے ممکن ہو قرآن پڑھو پھر رکوع کرو اور اطمینان سے رکوع کرو پھر رکوع سے سر اٹھاؤ اور اطمینان سے سیدھے کھڑے ہو جاؤ پھر سجدہ کرو اور نہایت اطمینان سے سجدہ کرو پھر سجدہ سے سر اٹھاؤ اور اطمینان سے بیٹھ جاؤ پھر سجدہ کرو اور نہایت

اطمینان سے سجدہ کرواور ساری نماز اسی طرح اطمینان سے ادا کرو۔ "ابوداؤد کی ایک روایت میں یہ الفاظ بھی ہیں کہ :

«ثم اقرابام القرآن وبماشاء اللہ »

''پھر ام القرآن (سورۃ فاتحہ) اور جو اللہ چاہے پڑھو۔''

یہ صحیح حدیث اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ طمانینت نماز کا رکن اور فرض عظیم ہے اس کے بغیر نماز صحیح نہیں ہوتی جو شخص نماز میں ٹھونگیں مارے اس کی نماز نہیں ہوتی کیونکہ خشوع و خضوع تو نماز کا خلاصہ اور نماز کی روح ہے لہذا مومن کو چاہیئے کہ وہ نماز مین غشوع و خضوع کے منافی تین حرکتوں سے نماز باطل ہوجاتی ہے اس کا ذکر نبی کی کسی حدیث میں نہیں یہ بعض اہل علم کی بات ہے جس کی بنیا دکسی قابل اعتماد دلیل پر نہیں ہے ہاں البتہ نماز میں فضول حرکتیں مثلاًناک میں انگلی ڈالنا داڑھی کے بالوں میں ہاتھ پھیرنا اور کپڑوں کے ساتھ کھیلنا وغیرہ مکروہ ہے اور اگر اس طرح کی فضول حرکات کثرت اور تسلسل کے ساتھ ہوں تو ان سے نماز باطل ہوجاتی ہے لیکن اگر حرکتیں ایسی ہوں جنہیں عرف میں قلیل سمجھا جا تا ہو یا حرکتیں کثیر ہوں لیکن مسلسل نہ ہون تو ان سے نماز باطل تو نہ ہوگی لیکن مومن کےلئے حکم شریعت یہ ہے کہ وہ خشوع و خضوع کا اہتمام کرے فضول حرکات کو چھوڑدے خواہ وہ قلیل ہوں یا کثیر تاکہ اس کی نماز تمام وکمال درجہ کی نماز ہو۔ وہ دلائل جن سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ عمل قلیل اور حرکات قلیلہ سے نماز باطل نہیں ہوتی نیز متفرق اور غیر مسلسل عمل و حرکت سے بھی نماز باطل نہیں ہوتی ان میں سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت یہ حدیث بھی ہے کہ :

«انہ فتح الباب یوما لعائشۃ وھو یصلی» (سنن ابی داود)

آپ نے ایک دن نماز پڑھتے ہوئے عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کےلئے دروازہ کھول دیا تھا نیز حضرت ابوقتادہ سے مروی حدیث ثابت ہے کہ :

«انہ صلی ذات یوم بالناس وھو حامل امامۃ بنت زینب فکان اذا سجد وضعہا واذاقام حملہا» (صحیح بخاری)

ایک دن آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی نواسی حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی بیٹی امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو اٹھا کر لوگوں کو نماز پڑھائی آپ جب سجدہ میں جاتے تو انہیں بٹھا دیتے اور جب کھڑے ہوتے تو انہیں اٹھالیتے (شیخ ابن باز)
ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

## فتاویٰ اسلامیہ : جلد1

## صفحہ نمبر 373

## محدث فتویٰ